تبصرے

معارفِ مدینہ : مرتبہ مولانا طاہر حسن امروہوی۔ تقطیع متوسط ضخامت ۲۰۸ صفحات۔ کتابت وطباعت بہتر۔ قیمت چار روپیہ۔ پتہ:۔ مکتبہ دینیہ دیوبند۔

لائق مرتب نے مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی رحمۃ اللہ علیہ کی اُن تمام تقریروں کو مرتب کرکے شائع کرنے کا منصوبہ بنایا ہے جو آپ جامع ترمذی کے درس میں کرتے تھے۔ مولانا علم وفضل۔ علومِ دینیہ میں کمال بصیرت اور دقتِ نظر کے اعتبار سے جس بلند پایہ شخصیت کے بزرگ ہیں اُس کے پیشِ نظر یہ تقریریں کسی تبصرہ وتعارف کی محتاج نہیں ہیں ان میں احادیث پر متن واسناد کے اعتبار سے بھی بصیرت افروز گفتگو ہے اور ان احادیث سے جو احکامِ فقہیہ مستنبط ہوتے ہیں اُن پر بھی مع اُن کے دلائل وبراہین کے کلام ہے۔ اس بنا پر یہ کتاب مدارسِ عربیہ کے طلبا واساتذۂ حدیث کیلئے بڑی قابلِ قدر اور لائقِ مطالعہ ہے۔ خدا کرے اس سلسلہ کے باقی حصے بھی جلد شائع ہوں، یہ جلد اوّل ہے جو صرف کتاب الطہارۃ پر مشتمل ہے۔

تعلیمی مسائل؛ منظر وپس منظر از جناب سید الطاف علی صاحب بریلوی۔ تقطیع متوسط ضخامت ۴۴۸ صفحات۔ کتابت وطباعت بہتر، قیمت مجلد آٹھ روپیہ۔

پتہ:۔ آل پاکستان ایجوکیشنل کانفرنس۔ ناظم آباد۔ کراچی — ۱۸۔

سید الطاف علی صاحب بریلوی اُردو زبان کے مشہور ومعروف صاحبِ قلم، مصنف۔ مؤرخ اور محقق ہیں، علاوہ ازیں وہ نظم ونسق کی اعلیٰ صلاحیت وقابلیت کے بھی مالک اور حرکت وعمل کے